حَدیث مَتْروک

<"xml encoding="UTF-8?>

حَدیث مَتْروک اس حدیث کو کہا جاتا ہے جس کے راوی پر جھوٹے ہونے کا الزام ہے اور اس کی روایات آشکار قواعد کے مخالف ہو۔ اسی طرح جن احادیث کے راوی زیادہ اشتباہ کرتے ہیں اور اہل فسق ہوں تو ان احادیث کو بھی حدیث متروک کہا جاتا ہے۔ بعض محققین نے متروک کو مطروح کے مترادف جانا ہے؛ اسی طرح بعض نے حدیث منکر بھی کہا ہے۔

حدیث متروک مردود احادیث کی اقسام میں سے ہے اور فقہا ان احادیث کے مضمون پر عمل نہیں کرتے ہیں۔ اہل سنت کے برخلاف شیعہ رجالی علما نے ان احادیث پر بہت کم توجہ دی ہے۔

اس قسم کی احادیث کے رایوں کو متروک یا متروک الحدیث کہا جاتا ہے جو جرح کے سب سے نچلے درجے میں اور ضعیف احادیث میں سب سے ضعیف احادیث شمار ہوتی ہیں۔

مختصر تعارف

حدیث متروک علم درایہ کی ایک اصطلاح ہے[1] اور اس حدیث کو کہا جاتا ہے جس کے راوی پر جھوٹے ہونے کا الزام ہو اور کسی دوسرے راوی نے اسے نقل نہ کیا ہو نیز آشکار قواعد کے مخالف ہو؛[2] اسی طرح وہ احادیث جن کے راوی جھوٹے ہونے میں مشہور ہیں ان کو بھی حدیث متروک کہا جاتا ہے؛[3] اگرچہ حدیث[4] یا روایات نبوی[5] میں اس کا جھوٹ بولنا ظاہر نہ ہو۔اہل سنت کی مورد نظر تعریف میں حدیث متروک اس روایت کو کہا جاتا ہے جس کا راوی زیادہ اشتباہ کرتا ہے یا زیادہ فسق کرتا ہے اور زیادہ غفلت سے کام لیتا ہے۔[6]

حدیث متروک، مردود احادیث کی اقسام میں سے ایک ہے[7] اور فقہا نے اس کے مضمون پر عمل نہیں کیا ہے۔[8]

حدیث شناسی کے بعض ماہرین نے حدیث متروک کے بعض مصادیق کی طرف اشارہ کیا ہے[9] عُمر بن شَمِر کی جابر جعفی سے منقول احادیث انہی میں سے ایک نمونہ ہیں۔[10]

جرح کے دوسرے مراتب سے مشابہت و تمایز

حدیث متروک کو حدیث مہجور بھی کہا جاتا ہے؛[11] اسی طرح بعض محدثوں نے اسے حدیث منکر بھی کہا

ہے۔[12] اگرچہ حدیث موضوع سے مشابہت رکھتی ہے لیکن محدثین نے اسے حدیث موضوع نہیں کہا ہے؛ کیونکہ جھوٹ کا الزام ہونا، ان احادیث کو احادیث موضوع کے زمرے میں شامل نہیں کرسکتا ہے۔[13]

شیعہ رجال نویس عالم دین، عبداللہ مامقانی (۱۲۹۰-۱۳۵۱ھ) کا کہنا ہے کہ متروک، مطروح کا مترادف ہے اگرچہ اکثر محققین ان دونوں کے درمیان فرق کے قائل ہیں۔[14]

بعض نے ان اصطلاحات کی باہمی شباہت اور علم رجال کی کتابوں میں ان کے بارے میں وضاحت ذکر نہ ہونا، اور ان اصطلاحات کے استعمال کی دلیل ذکر نہ کرنا ابہام کی دلیل قرار دیا ہے۔[نوٹ 1] اور ان کا کہنا ہے کہ ان اصطلاحات کی وضاحت کے بارے میں رجالیوں کے نظرئے کو جاننے کے لیے کوئی راستہ نہیں ہے۔[15]

رتبہ اور استعمال

علم رجال میں حدیث متروک کے راویوں کو متروک یا متروک الحدیث کہا جاتا ہے۔[16] یہ الفاظ، علم رجال کی کتابوں میں «کذاب» «وضاع» جیسے الفاظ کی طرح راوی کے جرح اور قدح پر دلالت کرتے ہیں۔[17]

متروک یا متروک الحدیث، اہل سنت کی رجالی کتابوں میں زیادہ استفادہ ہوا ہے اور درایت کی کتابوں میں اس کی توضیح دیا ہے؛[18] لیکن یہ اصطلاح، شیعہ رجالی قدیم مآخذ جیسے رجال نجاشی اور رجال شیخ طوسی میں مورد توجہ قرار نہیں پایی ہے۔[نوٹ 2] اور صرف رجال ابن غضائری میں بعض افراد کے لئے استعمال ہوئی ہے؛[19] اگرچہ اسی معنی میں بعض دیگر عبارتیں جیسے؛ «و حدیثه لیس بذکر النقی»،[20] یا «کان مختلط الامر فی حدیثه»[21] یا «کان ضعیفا فی حدیثه»[22] و یا «فی حدیثه نظر»[23] رجال کی کتابوں میں ملتی ہیں۔

بعض متاخر محققین نے حدیث متروک یا متروک الحدیث کو حدیثِ ضعیف کی اقسام[24] یا احادیث کے اقسام کی چاروں مشترکات[25] یا خبر واحد کی اقسام[26] یا جرح کے مراتب[27] میں ذکر کیا ہے۔

اہل سنت کی رجالی اور حدیث شناسی کی کتابوں میں جرح و تعدیل کے مراتب کے لئے جو الفاظ بیان ہوئے ہیں[28] ان میں متروک الحدیث کا مرتبہ، ابن ابی حاتم کے بقول، جرح کے سب سے بدترین مرتبے پر واقع ہے۔[29] حدیث متروک کو ضعیف احادیث میں سب سے نچلے درجے کی حدیث جانتے ہیں۔[30]

حوالہ جات

1. بعض محققین، فرہنگ فقہ، ۱۴۲۶ق، ج۳، ص۲۷۸.
2. سبحانی، اصول الحدیث، ۱۴۲۶ق، ص۹۵.
3. خطیب، اصول الحدیث، ۱۴۲۸ق، ص۲۲۹.
4. مامقانی، مقباس الهدایه، ۱۳۸۵ش. ج۱، ص۳۱۵؛ مرعشلی، علوم الحدیث الشریف، ۱۴۳۳ق، ص۱۰۲.
5. مرعشلی، علوم الحدیث الشریف، ۱۴۳۳ق، ص۱۰۲.
6. قاسمی، قواعد التحدیث، ۱۴۲۵ق، ص۲۰۹، صبحی صالح، علوم حدیث و اصطلاحات آن، ۱۳۸۳ش، ص۱۵۶ بہ نقل از الفیہ سیوطی، ص۹۴؛ خطیب، اصول الحدیث، ۱۴۲۸ق، ص۲۲۹.
7. قاسمی، قواعد التحدیث، ۱۴۲۵ق، ص۲۰۹؛ مرعشلی، علوم الحدیث الشریف، ۱۴۳۳ق، ص۹۰.

8. بعض محققین، فرہنگ فقہ، ۱۴۲۶ق، ج۳، ص۲۷۸.
9. مراجعہ کریں: قاسمی، قواعد التحدیث، ۱۴۲۵ق، ص۲۰۹؛ صبحی صالح، علوم حدیث و اصطلاحات آن، ۱۳۸۳ش، ص۱۵۶.
10. خطیب، اصول الحدیث علومہ و مصطلحہ، ۱۴۲۸ق، ص۲۲۹.
11. بعض محققین، فرہنگ فقہ، ۱۴۲۶ق، ج۳، ص۲۷۸.
12. قاسمی، قواعد التحدیث، ۱۴۲۵ق، ص۲۰۹؛ مدیرشانہ‌چی، درایہ الحدیث، ۱۳۸۸ش، ص۹۹، بہ نقل از: سیوطی، درایہ مروج، ص۶۳.
13. مرعشلی، علوم الحدیث الشریف،۱۴۳۳ق، ص۱۰۲؛ قاسمی، قواعد التحدیث، ۱۴۲۵ق، ص۲۰۹.
14. مامقانی، مقباس الہدایہ، ۱۳۸۵ش. ج۱، ص۳۱۶.
15. مراجعہ کریں: مہریزی، حدیث پژوہی، ۱۳۹۰ش، ج۱، ص۱۱۳.
16. ابن غضائری، الرجال، ۱۴۲۲ق، ص۴۸، ۷۸.
17. کجوری شیرازی، الفوائد الرجالیة، ۱۴۲۴ق، ص۱۲۰.
18. مامقانی، مقباس الہدایہ، ۱۳۸۵ش. ج۱، ص۳۱۵.
19. ابن غضائری، الرجال، ۱۴۲۲ق، ص۴۸، ۷۸.
20. نجاشی، رجال، ۱۳۶۵ش، ص۱۹.
21. نجاشی، رجال، ۱۳۶۵ش، ص۱۷۲.
22. طوسی، رجال الطوسی، ۱۴۱۵ق، ص۴۸.
23. طوسی، رجال الطوسی، ۱۴۱۵ق، ص۳۹.
24. صبحی صالح، علوم حدیث و اصطلاحات آن، ۱۳۸۳ش. ص۱۵۶؛ خطیب، اصول الحدیث، ۱۴۲۸ق، ص۲۲۹.
25. سبحانی، اصول الحدیث و احکامہ، ۱۴۲۶ق، ص۹۵.
26. بعض محققین، فرہنگ فقہ، ۱۴۲۶ق، ج۳، ص۲۷۸.
27. جدیدی‌نژاد، دانش رجال از دیدگاہ اہل سنت، ۱۳۸۱ش، ص۱۵۷؛ حافظیان، رسائل فی درایة الحدیث، ۱۳۸۴ش، ج۱، ص۲۲۸، ۴۹۲.
28. جدیدی‌نژاد، دانش رجال از دیدگاہ اہل سنت، ۱۳۸۱ش، ص۱۵۷-۱۶۱.
29. جدیدی نژاد، دانش رجال از دیدگاہ اہل سنت، ۱۳۸۱ش، ص۱۶۱.
30. خطیب، اصول الحدیث، ۱۴۲۸ق، ص۲۳۰؛ مامقانی، مقباس الہدایہ، ۱۳۸۵ش. ج۱، ص۳۱۵.

1. صرف کشی نے اپنی کتاب رجال میں مدح اور قدح کو مستند کیا ہے۔(مہریزی، حدیث‌پژوہی، ۱۳۹۰ش، ج۱، ص۱۱۳.)
2. مامقانی کا کہنا ہے کہ یہ اصطلاح شیعہ اکثر درایت اور حدیث شناسی کی کتابوں میں مورد توجہ قرار نہیں پائی ہے۔(مامقانی، مقباس الہدایہ، ۱۳۸۵ش. ج۱، ص۳۱۵)